2730-کیا نماز تراویح اور قیام اللیل میں فرق ہے

سوال

میں تراویح اور قیام اللیل کا فرق معلوم کرنا چاہتا ہوں ؟

پسندیدہ جواب

نماز تراویح ہی قیام اللیل ہے ، یہ دونوں علیحدہ علیحدہ نمازیں نہیں جیسا کہ بہت ساری عوام کا یہی گمان ہے ، بلکہ اصل بات یہ ہے کہ قیام اللیل کو ہی رمضان میں تروایح کا نام دیا جاتا ہے ، اس کی وجہ یہ ہے کہ سلف صالحین رحمہم اللہ تعالی جب نماز ادا کرتے تو نماز کی طوالت کی بنا پر ہر دو یا چار رکعت کے بعد آرام اور استراحت کرتے تھے ۔

اور نماز اس لیے لمبی ادا کی جاتی تھی کہ اس خیر و بھلائی کے موسم کو غنیمت جانتے ہوئے زیادہ اجر و ثواب اکٹھا کیا جاسکے کیونکہ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(جس نے بھی ایمان اور اجر و ثواب کی نیت سے رمضان المبارک میں قیام کیا اس کے پچھلے تمام گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں) صحیح بخاری حدیث نمبر (36) ۔

واللہ اعلم .